22629-دور نبوی صلی اللہ علیہ وسلم میں مدینہ میں یھودی کیوں موجود تھے

سوال

حدیث میں ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے وقت ان کی درع ایک یھودی کے پاس رھن رکھی ہوئی تھی ۔ ۔ ۔

توسوال یہ ہے کہ کیا یہ یھودی مدینہ میں تھا ؟

اوراگرجواب اثبات میں ہوتویہ کس طرح ہوسکتا ہے حالانکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں جلاوطن کیا تھا ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ

نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب فوت ہوئے توان کی درع ایک یھودی کے پاس رھن رکھی ہوئی تھی ، اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کچھ یھودیوں کوجلاوطن کیا اور حکم بلکہ مرض الموت میں یہ وصیت فرمائی تھی کہ جزیرہ عرب سے یھودیوں کونکال دیا جائے

اس لیے جزیرہ عرب میں دو دین جمع نہیں ہوسکتے ، پھر اس وصیت کو عمر بن خطاب رضی اللہ تعالی عنہ نے نافذ کرتے ہوئے یھودیوں کو جزیرہ عرب سے جلاوطن کردیا ۔ ۔